سوال

(285) تہجد یا تراویح کے سوا زائد نوافل پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صحیح بخاری میں نبی اکرم ﷺ سے رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعات سے زائد رات کی نماز کی نفی موجود ہے تو کیا تہجد یا تراویح کے سوا اور زائد نوافل پڑھے جا سکتے ہیں۔ جیسا کہ اکثر لوگ نوافل ادا کرتے ہیں۔ ان کی مشروعیت کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری میں رمضان وغیر رمضان میں گیارہ رکعات سے زائد رات کی نماز کی نفی سے صلاۃ اللیل کی افتتاحی دو رکعات اور بعد از وتر دو رکعات نکال کر زائد کی نفی مراد ہے کیونکہ چاروں رکعات صحیح احادیث سے ثابت ہیں نیز زائد کی نفی کرنے والی ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بیان سے ثابت ہیں۔ (مشکوۃ کا باب صلاۃ اللیل اور صحیح مسلم دیکھ لیں اطمینان ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ سبحانہ وتعالیٰ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص226

محدث فتویٰ